PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 20 اکتوبر 2025ء

الیکشن کمیشن نے این اے 18 ہری پور، این اے 96 فیصل آباد-II، این اے 104 فیصل آباد-X، این اے 143 ساہیوال-III، این اے 185 ڈی جی خان-II، پی پی 73 سرگودھا-III، پی پی 98 فیصل آباد-I، پی پی 115 فیصل آباد-XVIII، پی پی 116 فیصل آباد-XIX، پی پی 203 ساہیوال-V I اور پی پی 269 مظفر گڑھ-II کے ضمنی انتخابات کیلئے پوسٹل بیلٹ پیپرز کی درخواستیں وصول کرنے کے لئے 31 اکتوبر 2025 آخری تاریخ مقرر کی ہے۔ قانون کے مطابق یہ سہولت سرکاری ملازمین، آرمی کے افسران / جوانوں، انکی بیویوں اور بچوں کو بھی میسر ہے، جو رجسٹرڈ ووٹرز ہیں اور ان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں بشرطیکہ وہ عمومی طور پر ایسی جگہ پر رہائش پذیر ہوں جو کہ ان کے حلقہ انتخاب کے علاوہ ہو۔ اسی طرح افراد باہم معذوری بھی اس سہولت سے مستفید ہو سکتے ہیں جو سفر کرنے کے قابل نہ ہوں اور ان کے پاس نادرا کی طرف سے جاری کردہ جسمانی معذوری کے لوگو والا قومی شناختی کارڈ موجود ہو۔ مزید وہ قیدی جو کسی جیل میں قید یا حراست میں ہوں وہ بھی پوسٹل بیلٹ کے استعمال کے حقدار ہیں۔

2۔ اس کے علاوہ وہ اشخاص جن کو ریٹرننگ آفیسر نے الیکشن کی ڈیوٹی سرانجام دینے کیلئے تعینات کیا ہو بشمول پولیس اہلکاران جو ووٹ دینے کے اہل ہوں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تعیناتی کے 3 دن کے اندر پوسٹل بیلٹ کیلئے درخواست متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروائیں۔

3۔ پوسٹل بیلٹ کا فارم الیکشن کمیشن کی ویب سائیٹ www.ecp.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

4۔ وہ ووٹر جن کو پوسٹل بیلٹ جاری کیا جاتا ہے، وہ پولنگ سٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

5۔ پوسٹل بیلٹ کی درخواست ووٹر کے متعلقہ دفتر / محکمہ کی طرف سے تصدیق شدہ ہونی چاہیے تاکہ غیر مجاز افراد پوسٹل بیلٹ کیلئے درخواست نہ دے سکیں۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING